URDU

NHS
Greater Glasgow
and Clyde

الکُحَل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز

[الکُحَل اور منشیات سے صحتیابی کی خدمات]

Alcohol and Drug Recovery Services Patient Information Leaflet

کمیونٹی بیسڈ الکُحَل اینڈ ڈرگ سروسز کیا ہیں؟

کمیونٹی بیسڈ الکُحَل اینڈ ڈرگ سروسز کی ایک ہی ٹیم میں ہیلتھ اینڈ سوشل ورک الکُحَل اینڈ ڈرگ اسٹاف بھی موجود ہوتا ہے۔ اگر آپ سروس کے ساتھ اپائنٹمنٹ کے لیے وقت حاصل کریں تو آپ کی قریبی جگہ پر سب سے موزوں عملہ الکُحَل یا منشیات کے مسئلے سے نمٹنے کے لئے آپ کی مدد کرے گا۔ سروسز کے اندر کام کرنے والا عملہ ایڈکشن ورکروں، نرسوں، ڈاکٹروں، ماہرین نفسیات اور پیشہ ور معالجوں پر بھی مشتمل ہوتا ہے۔

آپ ان سروسز کو مختلف ناموں سے جانتے ہوں گے لہذا اس کا انحصار اس امر پر منحصر ہے کہ آپ ہیلتھ بورڈ کے کس حصے میں رہائش پذیر ہیں۔

ان ناموں میں ذیل شامل ہیں:

- الکحل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز (آے ڈی آر ایس)
- سی اے ٹی ایس (کیمونٹی ایڈکشن ٹیمز)
- انٹیگریٹڈ ٹیمیں
- الکحل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز
- ایڈکشن سروسز

کمیونٹی بیسڈ الکُحَل اینڈ ڈرگ سروسزکو ذیل کے لیے تشکیل دیاگیا تھا:

- سروسز کو آپ کے گھر کے قریب لانا۔
- مختلف اقسام کی انتہائی نگہداشت تک تیز ترین رسائی فراہم کرنا۔
- معلومات کا تبادلہ کرنا اور مواصلات کو بہتر بنانا تاکہ آپ کو عملے کے مختلف افراد کی طرف سے ایک ہی طرح کی معلومات فراہم کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے۔
- موصول ہونے والی امداد، علاج اور دیکھ بھال کی قسم کی منصوبہ بندی اور فیصلہ سازی میں آپ کو شامل کرنا۔

اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کو درست علاج فراہم کیا جائے ہم آپ کو ہر قدم پر شامل کرنا چاہتے ہیں۔ ہم حسب ذیل کام کریں گے:

- آپ کے ساتھ مل کر علاج کا ایک ایسا امدادی اور معاون منصوبہ تیار کریں گے جو آپ کی ضروریات پر مبنی ہو اور اس کی بذریعہ تشخیص نشاندہی کی جائے۔
- اس امر پر غور کرنے میں آپ کی مدد کرنا کہ الکُحَل یا منشیات آپ کی زندگی، کبنے، دوستوں اور آپ کی ذمہ داری کو کس طرح متاثر کرر ہے ہیں۔
- آپ کی بات سننا اور اپنی طرف سے فراہم کردہ سروسز کو بہتر بنانے کے لیے آپ کی تجاویز استعمال کرنا۔
- موصول ہونے والی سروسز کے بارے میں آپ کو خیالات کا اظہار کرنے کا کہنا۔

سروسز کیا فراہم کریں گی؟

- اپنی دیکھ بھال کا جائزہ، منصوبہ بندی اور نظر ثانی۔
- نقصان کم کرنے کے بارے میں معلومات اور معاونت۔
- بالمشافہ معاونت اور مشورہ۔
- گروپ ورک تک رسائی – مشترکہ امور پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے ایک معاون ماحول میں دیگر سروسز کے صارفین کے ساتھ مل کر کام کرنا۔

ہماری سروسز ان بہت سے افراد کی مدد کرتی ہیں جن کو الکُحَل اور/یا منشیات کا مسئلہ درپیش ہوتا ہے اور ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہر فرد کو ملنے والی مدد اس کی انفرادی ضروریات سے ہم آہنگ ہو۔ ہم حسب ذیل مدد بھی فراہم کرتے ہیں:

- الکُحَل اور/منشیات کے پیدا کردہ جسمانی اور دماغی صحت کے مسائل میں مدد کرنا۔ مثال کے طور پر جب آپ کی جسمانی اور دماغی صحت کی ضروریات زیادہ شدت اختیار کر لیں تو غذا اورغذائیت یا ماہرانہ دیکھ بھال تک رسائی حاصل کرنے میں مدد فراہم کرنا۔
- الکُحَل اور منشیات کی وجہ سے پیدا ہونے والی پریشانیوں کو سمجھنے اور ان کا مقابلہ کرنے میں مدد دینے کے لیےآپ کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے افراد کے ساتھ تعاون کرنا۔
- ان لوگوں کی مدد کرنا جو آپ پر انحصار کرتے ہوں – خاص طور پر وہ بچے جو الکُحَل یا منشیات کے استعمال کی وجہ سے متاثر ہوں۔

- اگر آپ متفق ہوں تو مختلف عملے یا ایجنسیوں کے ذریعے مزید ضروری مدد فراہم کرنا جیسا کہ ہسپتال کی دیکھ بھال یا رہائشی بحالی۔ ہم آپ کو ان خدمات کے ساتھ رابطہ رکھنے میں بھی مدد فراہم کرسکتے ہیں جو آپ کے لیے تربیت اور روزگار میں مددگار ثابت ہوں گی۔

میری اپائنٹمنٹ کے بارے میں

آپ کی اپائنٹمنٹ آپ کو الکُحَل یا منشیات کے استعمال میں محفوظ طریقے سے تبدیلیاں لانے اور کسی بھی ایسے پہلو کی نشاندہی کرنے میں جہاں ہم آپ کی عمومی صحت کو بہتر بنا سکتے ہوں، مدد فراہم کرتی ہے۔ ہم اس کام کو بذریعہ جائزہ انجام دیتے ہیں۔

ہماری طرف سے اس امر کا محفوظ طور پر اندازہ لگانے کے لیے کہ آپ کے علاج کے کون سے متبادل بہترین ہیں ہمیں آپ کے الکُحَل اور منشیات کے استعمال کے تسلسل، آپ کی طبی اور جراحی تاریخ اور آپ کے طرز زندگی جیسا کہ تمباکو نوشی اور غذا کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہوگی۔

تشخیصی کام عام طور پر مقامی کلینک پر کیا جاتا ہے لیکن بسا اوقات گھر کے وزٹ کا اہتمام بھی کیا جاسکتا ہے۔

میری اپائنٹمنٹ پر کیا ہو گا؟

اگر آپ کی ملاقات بالمشافہ ہوئی تو کلینک پر تشریف آوری پر آپ سے آپ کا نام، پتہ اور رابطہ اور جی پی کی تفصیلات کی تصدیق کرنے کا کہا جائے گا۔

اگر آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت پیش آئی تو آپ کے لیے اس کا بندوبست کر دیا جائے گا۔

عملے کا ایک ممبر آپ کا استقبال کرے گا جو آپ کے قد، وزن، بلڈ پریشر، دل کی دھڑکن، بلڈ ٹیسٹ جیسے امور کی جانچ پڑتال کرنے کا کہہ سکتا ہے اور ہوسکتا ہے کہ آپ کی جلد کے معمول کے جاذب بھی حاصل کیے جائیں۔ چند ایک مریضوں کے پیشاب کا نمونہ اور سانس کے ٹیسٹ کی ضرورت بھی پیش آ سکتی ہے۔

اس کے بعد ہماری ٹیم میں سے کسی ساتھ آپ کی اپائنٹمنٹ ہوگی جو آپ سے مکمل تفصیلات حاصل کریں گے۔ اس میں الکُحَل اور منشیات کا گزشتہ اور موجودہ استعمال، آپ کے زیر استعمال کوئی بھی ادویات اور آپ کی گزشتہ یا موجودہ جسمانی اور ذہنی صحت کی ضروریات شامل ہوں گی۔ آپ سے ایسے بچوں کے بارے میں بھی پوچھا جائے گا جو آپ کے الکُحَل یا منشیات کے استعمال کی وجہ سے متاثر ہوسکتے ہوں اور کوئی بھی اور شخص جس کو آپ نےاپنے علاج کے دوران مدد فراہم کرنی ہو۔

تشخیص پر کتنا وقت صرف ہو گا اس کا انحصار آپ کی تفصیل اور متفقہ ضرورتوں پر ہوگا۔

براہ کرم اس اپائنٹمنٹ کے لئے **کم از کم 45 منٹ کا وقت دیں** تاہم، آگاہ رہیں کہ اگر مزید چھان بین کی ضرورت پیش آئی تو اس پر زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

ہماری ٹیمیں یا تو سروس بلڈنگ میں یا گھر پر بالمشانہ تشخیص اور مدد فراہم کرتی ہیں۔ تاہم چند ایک ایسے حالات جن کا سامنا کوویڈ کے وبائی مرض کے دوران ہو سکتا ہے یا تو ٹیلیفون کے ذریعے یا این ایچ ایس نیئر می کی آن لائن سروس کا استعمال کرتے ہوئے ایسا کرنا ضروری ہوسکتا ہے۔

اس کے بعد کیا ہو گا؟

جائزے کے بعد آپ کو ذیل کے بارے میں معلومات فراہم کی جا سکتی ہیں:

- ادویات کے بارے میں مشورہ۔
- پینے کے نظام الاوقات۔
- آپ کے پینے کو محفوظ طریقے سے تبدیل کرنا۔
- زہر یلا اثر دُور کرنے کی منصوبہ بندی کرنا۔
- آپ کے کیئر پلانے کے بارے میں مزید معلومات۔
- آپ کے مقامی بحالی مرکز کی تفصیلات۔

کیا میں اپنے ساتھ کسی کو لا سکتا ہوں؟

عام طور پر آپ کنبے کے کسی فردیا دوست کو مدد کے لیے لا سکتے ہیں اور اس کو آپ کی رضامندی کے ساتھ تشخیص کے عمل میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

چونکہ اپائنٹمنٹ کافی طویل ہوسکتی ہے لہذا بہتر یہ ہے کہ بچوں کو اس وقت تک اپنے ہمراہ نہ لائیں جب تک کہ ان کے ساتھ انتظار کی جگہ پر بیٹھنے کے لیے کوئی شخص موجود نہ ہو۔

کس بات کی توقع کریں

ہمارا عملہ ہنس مکھ، دوستانہ، شائستہ، اور مددگار ہوگا اور آپ کے ساتھ احترام کا برتاؤ کرے گا اور وہ آپ کی رائے اور نظریات کو بہت احتیاط سے سنیں گے۔ ہمارے عملے کے تمام افراد کو الکُحَل یا منشیات کی پریشانیوں میں مبتلا افراد اور ان کے کنبے اور کیئررز کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ حاصل ہے۔

مجھے کہاں جانا ہوں گا؟

گریٹر گلاسگو اور کلائیڈ کے علاقه میں موجود سروسز اور مقامی ٹیموں کے پتے اور فون نمبر اس کتابچے کے پچھلے حصے پر مل سکتے ہیں۔آپ جہاں پر رہتے ہوں گے آپ سے اس علاقے میں موجود کسی سروس کے پاس جانے کا کہا جائے گا۔

اگر آپ کسی بھی وجه سے اپنی مقامی سروس تک سفر کرنے سے قاصر ہوں تو ہم آپ کے ساتھ کسی اور مقام پر ملاقات کا بندوبست کرسکتے ہیں ہم آپ کے ساتھ گھر پر مل سکتے ہیں۔ ہم این ایچ ایس کی نیئر می سروس کا استعمال کرتے ہوئے بھی آپ کو اپائنمنٹ کی پیشکش کر سکتے ہیں۔

کھلنے کے اوقات کیا ہیں؟

زیادہ تر سروسز عام طور پر آفس اوقات میں (پیر تا جمعه صبح 9 بجے تا شام 5 بجے تک) کھلی رہتی ہیں لیکن ہر ٹیم کی صورت میں ایسا مختلف ہو سکتا ہے۔
جب آپ ہمارے ساتھ رابطه کریں گے تو ہم آپ کو کھلنے کے اوقات کے بارے میں بتا دیں گے۔

ہماری بہت سی سروسز شام کے وقت کھلی ہوسکتی ہیں اور ضرورت پڑنے پر اپائنٹمنٹس کا اہتمام کیا جاسکتا ہے۔

رضامندی

آپ کی نگہداشت میں جو کچھ شامل ہے ہم اس کے بارے میں آپ کے ساتھ اکثر بات کریں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے که آپ کے بارے میں فیصلے کرتے وقت آپ کو شامل کیا جائے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے که آپ کو بہترین ممکنه نگہداشت حاصل ہو جب مناسب ہوا ہم آپ کی معلومات کو دیگر پیشه ور ماہرین مثلاً آپ کے جی پی یا سوشل ورکر کے ساتھ شیئر کریں گے۔ اگر ضروری ہوا تو اس بارے میں ہم آپ کے ساتھ بات کریں گے۔

اگر میں سروس سے خوش نہ ہوا تو کیا ہو گا؟

شکایت کرنے کے بارے میں ہمارا طریق کاریہاں پر دستیاب ہے

https://www.nhsggc.org. uk/get-in-touch-get-involved/complaints/

اگر آپ محسوس کریں کہ آپ کو اپنی توقع کے مطابق سروس موصول نہیں ہوئی تو آپ اس پر عمل کر سکتے ہیں۔

اگر ہم اس طریقہ کار کے مطابق آپ کی شکایات کو آپ کے اطمینان کے مطابق حل نہ کر سکے تو آپ اس معاملے کے بارے میں اسکاٹش پبلک سروسز محتسب کے ساتھ اس ٹیلیفون پر بات کر سکتے ہیں **0870 011 5378**

آپ جس معاملے کے بارے میں شکایت کر رہے ہوں آپ کے لیے اس بارے میں معلومات ملنے کے 12 ماہ کے اندر ایسا کرنا ضروری ہے۔

گلاسگو سٹی الکُحَل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز

الکُحَل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز نارتھ ویسٹ:

اے ڈی آر ایس پوسل پارک

ٹیلیفون: **0141 800 0670**

پتہ: پوسل پارک ہیلتھ اینڈ کیئر سینٹر، 99 ساراسین اسٹریٹ، گلاسگو G21 5AS

اے ڈی آر ایس ڈرمچیپل

ٹیلیفون: **0141 276 4330**

پتہ: 7-19 ہیکلا اسکوائر، گلاسگو، G15 8NH

اے ڈی آر ایس ووڈ سائیڈ

ٹیلیفون: **0141 800 0670**

پتہ: ووڈ سائیڈ ہیلتھ اینڈ کیئر سینٹر، 891 گاراسکیوب روڈ، گلاسگو G21 5AS

الکُحَل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز نارتھ ایسٹ:

اے ڈی آر ایس ایسٹر ہاؤس

ٹیلیفون: **0141 276 3420**

پتہ: ویسٹ ووڈ ہاؤس، 1250 ویسٹر ہاؤس روڈ، گلاسگو، G34 9AE

اے ڈی آر ایس پارک ہیڈ

ٹیلیفون: **0141 565 0200**

پتہ: نیو لینڈز سینٹر، 871 اسپرنگ فیلڈ روڈ، گلاسگو، G31 4HZ

الکُحَل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز نارتھ ایسٹ:

آے ڈی آر ایس گوہان

ٹیلیفون: **0141 276 8740**

پتہ: پویلین 1، روون بزنس پارک، اردلا اسٹریٹ، گلاسگو G51 3RR

اے ڈی آر ایس کیسل ملک

ٹیلیفون: **0141 276 5040**

پتہ: 10 آرڈینکریگ پلیس، گلاسگو، G45 9US

اےڈی آر ایس گوربلز

ٹیلیفون: **0141 420 8100**

پتہ: گوربلز ہیلتھ اینڈ کیئر سینٹر، 2 سینڈفیلڈ روڈ، گلاسگو G5 9AB

اے ڈی آر ایس پولک

ٹیلیفون:**0141 276 3010**

پتہ: 130 لینگٹن روڈ، گلاسگو ،G53 5DP

ہنٹر اسٹریٹ ہوملیس سروسز

ٹیلیفون: **0141 552 9287**

پتہ: 55 ہنٹر اسٹریٹ، گلاسگو G4 0UP

پرائمری کیئر الکُحَل نرس آؤٹ ریچ سروس (پی سی اے این او ایس) (گلاسگو سٹی، جی پی منسلک شدہ):

نارتھ ایسٹ

ٹیلیفون: **07879 431261**

پتہ: نیو لینڈز سینٹر، 871 اسپرنگ فیلڈ روڈ، گلاسگو، G31 4HZ

نارتھ ویسٹ

ٹیلیفون: **07919 548196**

پتہ: ووڈ سائیڈ ہیلتھ اینڈ کیئر سنٹر، 891 گارسکیوب روڈ گلاسگو، G20 7ER

ساؤتھ:

ٹیلیفون: **07976 605662**

پتہ: گوربلز ہیلتھ اینڈ کیئر سینٹر، 2 سینڈی فیلڈ روڈ، گلاسگو G5 9AB

رینفریوشائر

رینفریوشائر الکُحَل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز

ٹیلیفون: **0141 618 2585**

پتہ: بیک سنڈن سنٹر، 20 بیک سنڈن اسٹریٹ، پیسلے PA3 2DJ

ایسٹ رینفریوشائر

ایسٹ رینفریوشائر کمیونٹی ایڈیکشن ٹیم

ٹیلیفون: **0141 577 4685/3368**

پتہ: سینٹ اینڈریوز ہاؤس، 113 کراس آرتھرلی اسٹریٹ، بیئر ہیڈ، G77 1EE

(کمیونٹی ایڈکشن ٹیم اور کمیونٹی ریکوری ٹیم دونوں پر مشتمل ہے)

ویسٹ ڈنبارٹنشائر

ویسٹ ڈنبارٹنشائر ایڈکشن سروسز (کلائیڈ بینک)

ٹیلیفون: **0141 562 2311**

پتہ: ویسٹ ڈمبارٹن روڈ، کلائیڈ بنک، G81 1UG

ویسٹ ڈنبارٹنشائر ایڈکشن سروسز (ڈمبارٹن)

ٹیلیفون: **01389 812 018**

پتہ: جوائنٹ ہاسپیٹل کارڈروس روڈ، ڈمبارٹن، G82 8JA

ایسٹ ڈنبارٹنشائر

ایسٹ ڈنبارٹنشائر الکُحَل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز

ٹیلیفون: **0141 232 8211**

پتہ: کرکینٹیلوچ ہیلتھ اینڈ کیئر سینٹر، 10سراماگو اسٹریٹ، کیرکنٹیلوچ، G66 3BF

انورکلائیڈ

انورکلائیڈ الکُحَل اینڈ ڈرگ ریکوری سروسز

ٹیلیفون: **01475 715 353**

پتہ: ویلپارک سنٹر، 30 ریجنٹ اسٹریٹ، گرینوک، PA15 4PB

Produced by Nikki Boyle, Health Improvement Senior (Alcohol)
on behalf of NHS GGC Alcohol Care and Treatment Group February 2021

Review Date February 2024

mi • 325921 v1.0